# کبوتر بازی

# Kabootarbazi (Script)

**Duration: 01min 49 sec.**

کبوتر بازی ایک میٹھا نشہ سمجھ لو، یا آپ شوق سمجھ لو، یا اس کے اندر تھوڑا اپنا time pass کرنا سمجھ لو۔

آو۔۔۔آو۔۔۔آو۔۔۔

اڑانے کا الگ نسل ہوتی ہے۔اب یہ پنجابی چل رہا ہے۔ایک حیدرآباد کی نسل آتی ہے۔اب جو ہے امریکہ سے بھی آرہا ہے۔ادھر سے بھی آرہا ہے، سب طرف کے، باہر کی نسلیں آرہی ہیں کہ باقی وہ اڑان میں کام نہیں کرتے۔

پہلے جو خط کتابت کرتے تھے یہ نسل وہی ہے۔

آو۔۔۔آو۔۔۔آو۔۔۔

ایک نپا تلا دانہ دیا جاتا ہے انھیں۔اگر تھوڑا سا اور زیادہ دے دیں گے تو یہ بد ہضمی ہو جاتی ہے۔کبوتر بازی جو ہوتی ہے جیسے جی کسی سے شرط لگالی، کسی سے ہاتھ لگالیا اب کبوتر دوڑانے ہیں انھیں یا لڑائیاں کرنی ہیں۔کوئی پانچ پانچ سو کبوتر لڑاتا ہے تو پانچ پانچ سو کبوتر لڑانے ہیں اگر اس میں دو کم ہو گئے پھر ان میں دو چھوڑنے پڑیں گے پھر پانچ سو کرنے پڑیں گے۔اس کے اندر ہمارے پاس استاد بھی ہیں ہمارے شاگرد بھی ہیں، سو دو سو ہوں گے۔

جب میں کبوتروں کے ساتھ بیٹھتا ہوں مجھے بڑا اچھا محسوس ہوتا ہے۔مجھے دل کی تسلی ملتی ہے اور اس چیز کو مجھے جب تلک ایک بار نہیں دیکھ لوں، دو بار نہیں دیکھ لوں، میرے دل کو سکون نہیں ملتا۔